سوال

(682)ایک صحابی نے درود شریف کی فضیلت سن کر کہا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک صحابی نے حضور علیہ الصلوۃ والسلام سے درود شریف کی فضیلت سن کر کہا تھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اپنی دعا کے چار حصے کروں گا ایک حصے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھوں گا اور باقی تین حصوں میں اپنے لیے دعا کروں گا آپ علیہ الصلوۃ والسلام نے کہا کہ اگر تم زیادہ کرو تو یہ تمہارے لیے زیادہ ٹھیک ہے چنانچہ اس نے کہا کہ میں اپنی دعا کے دو حصے کروں گا ایک حصہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھوں گا اور ایک حصہ میں اپنے لیے دعا کروں گا الخ

کیا مذکورہ حدیث صحیح ہے اور حدیث کی کس کتاب میں موجود ہے۔ کیونکہ ہم بھی آپ علیہ الصلوۃ والسلام پر اپنی دعا میں صرف درود ہی پڑھا کریں ۔ حافظ محمد فاروق 27/9/99

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ حدیث صحیح ہے ترمذی صفة القیامة میں اور مستدرک حاکم جلد دوم صفحہ ۴۲۱ میں موجود ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص485

محدث فتویٰ